عید فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

فرحۃ الزہراء

من سرك فقد سر رسول الله

من سرك فقد سر رسول الله

اڑسٹھ دنوں تک ان کے مصائب پر روئے ہیں
وہ آج خوش ہوئے تو زمانے کی عید ہے
یارب نہ مومنوں کی خوشی کو نظر لگے
زہرا علیہا السلام کے سوگوار گھرانے کی عید ہے

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ میں خوش ہو کر اللہ کو راضی کر لیجئے

۹ ربیع الاول

فرحۃ الزہراء

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

بے شک اللہ تعالیٰ فاطمہ کی ناراضگی سے ناراض
اور فاطمہ کے خوش ہونے سے راضی ہو جاتا ہے۔

(کنز العمال: ج ۱۲، ص ۱۱۱)

(مستدرک صحیحین
ج ۳۔ ص ۱۵۴)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہراء

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

٩ ربیع الاول

فرحة الزهراء

قَالَ الرِّضَا عَلَیْهِ السَّلَامُ: اِنْ سَرَّکَ اَنْ تَکُوْنَ مَعَنَا فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجِنَانِ فَاحْزَنْ لِحُزْنِنَا وَافْرَحْ لِفَرَحِنَا

امام رضا علیہ السلام نے ریان بن شبیب سے فرمایا:

اگر تم چاہتے ہو جنت میں ہمارے ساتھ درجہ پاکر خوشحال رہو تو ہمارے غم پر غمگین رہو اور ہماری خوشی پر خوش رہو۔۔

(جامع احادیث الشیعہ، ج12، ص549)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عید الزہرا سلام اللہ علیہا

حذیفہ رض کہتے ہیں: 9 ربیع الاوّل کو میں نے اپنے مولا امیر المومنین علیہ السلام کو دیکھا کہ اپنے فرزندوں امام حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ غذا نوش فرما رہے ہیں اور پیامبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں کے چہروں کو دیکھکر مسکراتے ہیں اور اپنے بیٹوں سے فرماتے ہیں: کھاؤ تم دونوں کہ آج کا دن مبارک ہے کیونکہ آج کا دن وہ دن ہے کہ خداوندِ عالم اِس دن تمہارے اور تمہارے جدّ کے دشمن کو ہلاک کرے گا اور **تمہاری ماں کی دعا کو قبول فرمائے گا۔**

کھاؤ! کہ آج ہی کے دن کلامِ خدا تحقق پائے گا (یہی ہیں کہ جن کے گھر انکے ظلم کی وجہ سے ویران ہو گئے)۔

کھاؤ! یہی وہ دن ہے کہ مبغوض ترین شخص کی شان و شوکت خاک میں ملے گی۔

کھاؤ! کہ آج کے دن خداوندِ عالم تمام (دشمنوں کے) اعمال کو لائے گا اور ان کو مثلِ روئی اڑا دے گا۔۔

تاریخ الخلفاء جلد 3 صفحہ 50، الانوار النعمانیہ جلد 1 صفحہ 108، بحار الانوار جلد 31 صفحہ 119 و 120 و جلد 98 صفحہ 351

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

حضرت مختارؒ نے ابنِ زیاد اور دوسرے چند ملعونوں کے سَروں کو محمد حنفیہؑ کے پاس بھیجا

اور انہوں نے اِن سَروں کو امام زین العابدین علیہ السلام کے پاس بھیجا۔

امام زین العابدین علیہ السلام سجدے میں گِر گئے اور فرمایا :

سب تعریفیں ہیں اُس اللہ کیلئے جس نے مجھ پر لطف فرمایا کہ میں اپنے دشمنوں سے

اپنے شہیدوں کے خون کا انتقام دیکھوں اور اللہ تعالیٰ مختارؒ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔۔

(بحارالانوار جلد۴۵)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

محمد بن علاء ہمدانی و یحییٰ بن جریح بغدادی کہتے ہیں: کہ ہم لوگ (ایک مسئلے میں شک و شبہ میں تھے) ہم دونوں احمد ابن اسحاق کے پاس گئے جو شہرِ قم میں امام ہادیؑ کی طرف سے وکیل تھے۔ گھر پہنچے اور جب دروازہ کھٹکھٹایا تو معلوم ہوا کہ احمد بن اسحاق ارکانِ عید بجالا رہے ہیں تو ہمیں بہت تعجب ہوا۔

آج اور عید۔! ہم نے کہا سبحان اللہ! کیا چار عیدوں (عید فطر، عید قربان، عید مباہلہ، عید غدیر) کے علاوہ اور بھی کوئی عید ہے۔؟ احمد بن اسحاق اپنے امامؑ سے حدیث نقل کی:

أن هذا اليوم هو يوم وهو افضل الأعياد عند اهل بيت وعند مواليهم

یہ دن عید کا دن ہے اور یہ دن ہم اہلبیتؑ اور ہمارے چاہنے والوں کے نزدیک تمام عیدوں سے افضل ہے۔۔

ہم نے کہا کہ کیا آج یومِ عید ہے۔؟

تو ابنِ اسحاق نے کہا کہ ہاں اور وہ دن 9 ربیع الاوّل تھا۔۔

موسوعة الامام الحسين (عليه السلام)، ج22، ص:14

الزہرا

عید

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

9 ربیع الاوّل ...... عیدِ زہراؑ

عید الزہرا

☆ یہ عظیم دن امامِ زمانہؑ کی امامت کا پہلا دن ہے۔

☆ یہ دن شیعوں کیلئے عمومی طور پر اور اہلبیتؑ کیلئے خصوصی طور پر خوشی کا دن ہے۔ (آیت اللہ جواد تبریزیؒ)

☆ اِس دن کے 72 نام روایت میں ذکر ہوئے ہیں جیسے یومِ فرحۃ الزہرؑا ، یومِ قبولیتِ اعمال ، یومِ تقویٰ (ورع) ، یوم العبادۃ وغیرہ۔

☆ 18 ذی الحجۃ عیدِ غدیرِ اوّل یومِ تولّی ہے اور 9 ربیع الاوّل عیدِ غدیرِ ثانی یومِ تبرّا ہے۔

☆ اِس دن کو خوشی کے طور پر منانا جائز بلکہ پسندیدہ ہے۔

☆ اِس دن بعض ظالموں کے انجام دیکھ کر امام زین العابدینؑ خوش ہوئے اور سجدۂ شکر ادا کیا۔

☆ 9 ربیع الاوّل آیت اللہ سیستانی کی پیدائش کا دن بھی ہے۔

☆ اِس دن ہر اُس کام سے اجتناب کرنا چاہیے جو خاندانِ اہلبیتؑ کی ناراضگی اور اُن کو دکھ دینے کا سبب بنے۔

مولا علیؑ نے اِس دن کو گناہوں سے بچنے اور وعظ و نصیحت کا دن قرار دیا ہے

(بحار الانوار)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عیدِ فاطمہ

اللہ تعالیٰ نے رسولِ خدا ﷺ سے فرمایا
مجھے قسم ہے اپنی عزّت و جلالت کی،
ہر وہ شخص جو اِس دن (یعنی 9 ربیع الاوّل کو)
عید مناتا ہے، اگر وہ اپنے رشتہ داروں
کے حق میں شفاعت کرے گا تو میں
اُس کی شفاعت قبول کروں گا۔۔

بحار الانوار جلد 31 صفحہ 124

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عیدِ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

حدیث یومِ رفع القلم سے سوءِ استفادہ حرام ہے

حدیث یومِ رفعِ القلم کو بعض علماء نے رَد کیا ہے اور بعض نے اسکی تاویل کی ہے کہ ممکن ہے اِس دن کے شرف و فضیلت کے باعث وہ خطائیں معاف ہوجاتی ہوں جو انسان سے بغیر گناہ کے قصد کے سرزد ہو جائیں، البتہ جان بوجھ کر جو گناہ کئے جاتے ہیں وہ معاف نہیں ہوتے۔ بہرحال اس سے استنباط کرکے کوئی یہ سمجھے کہ نو ربیع الاول کے دن گناہ نہیں لکھے جاتے تو یہ بالکل غلط نظریہ ہے،
ایسا کسی حدیث کا مفہوم نہیں ہے۔ کسی بھی دن اور وقت جان بوجھ کر گناہ کرنے کی اجازت نہیں ہے، کیونکہ ایسا نظریہ صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرؑا



۹ ربیع الاوّل ...... یومِ پیدائش آیت اللہ سیستانی

- آپ 9 ربیع الاوّل عیدِ زہرؑا کے مبارک دن ایران کے مقدّس شہر مشہد میں پیدا ہوئے۔
- آپ کا تعلق حسینی سادات سے ہے۔آپ نے 5 سال کی عمر ہی سے باقاعدہ دینی تعلیم حاصل کرنا شروع کی۔
- آیت اللہ خوئیؒ اور آیت اللہ شیخ حسین حلّیؒ نے آپ کو اجتہاد کا اجازہ لکھ کر دیا۔
- 1411 ہجری تک آپ کے درسِ خارج کے 3 دورے مکمل ہو چکے ہیں۔
- آپ دوسروں کی علمی رائے کا بہت احترام کرتے ہیں اور علمی بحث میں آداب واحترام کا خصوصی خیال رکھنے کی تاکید فرماتے ہیں۔
- آپ کی ذات تقویٰ اور بے نفسی کی علامت ہے۔ آپ نے کبھی دنیاوی لذّتوں اور عہدہ ومقام کو اپنا مقصد نہیں بنایا۔
- آیت اللہ خوئیؒ مرحوم نے انتقال سے پہلے بہت اصرار کر کے آپ کو اِس بات پر راضی کیا کہ حرمِ امام علیؑ میں موجود مسجدِ خضریٰ میں جماعت کی امامت آپ کریں۔
- اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ ہمارے تمام مراجع کا سایہ صحت وتندرستی کے ساتھ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

www.facebook.com/madrasatulqaaim

عیدِ فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

قاتلانِ حسین کے سَروں کو دیکھ کر اهلبیت کے سوگ بڑھانے کی روایت کو آیت اللہ خوئیؒ نے معتبر قرار دیا ھے

عیدِ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام

عن الإمام الصّادق (ع): (ما امتشطت فينا هاشميّة، ولا اختضبت، حتّى بعث إلينا المُختار برؤس الذين قتلوا الحُسين (ع)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

ہاشمی خواتین نے بالوں میں کنگھی نہیں کی اور نہ ہی سر پر مہندی لگائی تھی یہاں تک کہ مختار نے ان لوگوں کے سر بھیج دیئے جنہوں نے امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا تھا۔

(رجال الكشي (قده) ج1 ص341 ح202)

آیت اللہ خوئیؒ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔ وهذه الرّواية صحيحة

معجم رجال الحديث للمحقّق السّيد الخوئي (قده) ج19 ص102 برقم: 12185

کامل الزیارات کی اس روایت سے بھی مذکورہ بالا روایت کی تائید ہوتی ہے

الإمام الصّادق (ع): (وما اختضبت منّا امرأة، ولا ادّهنت، ولا اكتحلت، ولا رجلت، حتّى أتانا رأس عبيد الله بن زياد)

كامل الزّيارات لابن قولويه (قده) ص168-167 ب 26 ح8/219

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

نو ربیع الاول کا دن اظہارِ خوشی و جشن کا دن ہے

نو ربیع الاول کا دن اظہار خوشی و جشن کا دن ہے شیخ ابراہیم بن علی کفعمی نے اپنی کتاب جُنَّۃُ الأمانِ الْواقیۃ وَجَنَّۃُ الأیمان الباقیۃ جو مصباح کفعمی کے نام سے مشہور ہے صفحہ 270 پر لکھا ہے کہ

نو ربیع الاول کا دن بہت شرف و فضیلت کا حامل ہے اور بہت عظیم منزلت و مقام رکھتا ہے۔ اس دن کو خوشی اور سرور کے اظہار اور جشن کے طور پر منایا جائے، مومنین پر انفاق کیا جائے، اہل و عیال پر خرچ کیا جائے، خوشبو لگائی جائے، نیا لباس پہنا جائے اور مستحب ہے کہ اس دن کو عبادتِ خدا اور شکر گزاری کے ساتھ گزارا جائے۔۔



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل کے غسل کا فقہی حکم

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

نو ربیع الاوّل (عید زہراؑ) کے دن کا غسل آیت اللہ سیستانی اور آیت اللہ خامنہ ای کے نزدیک رجائے مطلوبیت کی نیت سے کیا جائے اور اس کے بعد نمازوں کے لئے وضو کرنا ضروری ہوگا۔۔

عید فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل کی خوشی کا ایک اور احتمال
رسولؐ اللہ کا حضرت خدیجہؑ سے عقد

10 ربیع الاوّل

عقدِ حضرت محمد ﷺ و حضرت خدیجہ علیہا السلام

آیت للہ شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاءؒ، نو ربیع الاوّل کے روز خوشی منانے کا ایک امکان یہ بھی تحریر کرتے ہیں کہ

اس دن حضرت زہراؑ کی خوشی کا سبب یہ ہوسکتا ہے کہ نو اور دس ربیع الاوّل کو آپ کے والد حضرت رسالت مآبؐ سے آپکی والدہ طاہرہ خدیجۃ الکبریٰؑ کا عقد ہوا تھا اور اس میں شک نہیں کہ حضرت زہراؑ ہر سال اس دن اس عظیم شرف و خیر کثیر پر فخر کرتے ہوئے خوشی اور مسرت کا اظہار فرماتی تھیں۔ اور ہر سال اس دن خوشی کا اظہار کرنا ان کے شیعوں میں بطورِ میراث باقی رہ گیا۔۔(جنۃ المأوی ص 84-83)



ویحتمل أن یکون سبب فرحة الزهراء سلام الله علیها هو أن الیوم التاسع والعاشر من ربیع الأول هو یوم اقتران أبیها رسول الله سید الکائنات بوالدتها البرة الطاهرة خدیجة الکبری ولا شک أن الزهراء کانت تظهر الفرحة و السرور بذلک لذلک الیوم من کل سنه افتخارا بذلک الشرف العظیم والخیر العمیم ویکون قد بقیت عادة إظهار هذا الفرح متوارثا عند موالیها من الشیعة في ذلک الیوم کل سنه..

اس کے بعد اپنے طویل بیان میں شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاءؒ اس دن کی مناسبت سے بہت سے رائج منکرات اور تفرقہ بازیوں کا ذکر کرتے ہوئے انکار دکیا ہے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عیدالزہرا علیہا السلام سے متعلق آیت اللہ سیستانی کے فتاوی

مراسمِ عیدِ زہراؑ برپا کرنا اگر تفرقہ کا سبب نہ بنے تو جائز ہے اور اس میں شرکت کرنے میں بھی کوئی اشکال نہیں اور تفرقہ کا سبب بنے تو جائز نہیں ہے۔

برگزاري مراسم عيدالزهرا به خودي خود اگر موجب تفرقه نشود، اشکال ندارد؛ و شرکت کردن در آن نيز اشکال ندارد

(استفتاء آیت اللہ سیستانی)

نو ربیع الاوّل کا دن خوشی و مسرت کے اظہار کا دن ہے اور اِس دن کو بعض روایات میں دوسری عیدِ غدیر سے بھی تعبیر کیا گیا ہے۔۔

اليوم التاسع من ربيع الأول يوم إظهار السرور و الفرح، وفي بعض الروايات التعبير عن هذا اليوم بعيد الغدير الثاني

(رقم الاستفتاء: 132653113710)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ کی ایک مناسبت امامِ زمانہؑ کی تنصیبِ امامت کا اعلان بھی ہے۔

(آیت اللہ سیّد علی سیستانی)

سوال: کیا پہلی ربیع الاوّل کا دن یوم فرحۃ الزہراؑ ہے اور کیا یہ جائز ہے کہ اس دن خوشی کی محافل منعقد کی جائیں، سیاہ لباسِ غم اتار دیا جائے اور سوگ بڑھا دیا جائے۔؟

جواب: بیشک وہ دن جسے شیعوں میں یوم فرحۃ الزہراؑ کا نام دیا جاتا ہے وہ پہلی ربیع الاوّل کا دن نہیں بلکہ نو ربیع الاوّل کا دن ہے اور یہ دن امام زمانہؑ کی تنصیبِ امامت کے اعلان کا دن ہے۔

استفتاء السيد السيستاني (دام ظله)

السؤال. هل إنّ يوم الاول من ربيع هو يوم فرحة الزهراء ويجوز فيه اقامة مناسبات الافراح وخلع السواد وانتهاء الحزن؟

الجواب / إنّ اليوم الذي يسميه الشيعة بيوم فرحة الزهراء (عليها السلام) ليس هو الأول من شهر ربيع.. بل هو اليوم التاسع منه.. وهو يوم إعلان تنصيب الامام المهدي عجل الله فرجه۔

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

عیدِ فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا علیہا سلام اللہ

آیت اللہ بہجتؒ اور عیدالزہراؑ کے دن احتیاط کی تاکید

آیت اللہ بہجتؒ نو ربیع الاوّل کے دن فضائل اہلِ بیتؑ خصوصاً فضائل حضرتِ زہراؑ بیان کرنے کی بہت تاکید فرماتے تھے اور کھلم کھلا فرقہ واریت اور تعصبات پر مبنی گفتگو سے پرہیز کی تلقین فرماتے تھے اور ایسے تمام کام کرنے کو سخت منع کرتے تھے کہ جن کے نتیجے میں وہ علاقے جہاں مومنین کم تعداد میں ہیں ان کو نقصان پہنچے ، اور فرماتے تھے کہ اگر ایک قطرہ خون بھی اس سبب بہا تو سب شریک جرم سمجھے جائیں گے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عید فاطمۃ الزہرا



صلی اللہ علیک یا فاطمۃ الزہراء

عیدالزہراؑ سے متعلق آیت اللہ شیخ جوّاد تبریزیؒ کا فتوی

آیت اللہ شیخ جوّاد تبریزیؒ الأنوار الألهية في المسائل العقائدية میں فرماتے ہیں کہ

نو ربیع الاوّل کے دن کو خوشی کے طور پر منانے کی کئ وجوہات ہیں

یہ دن آٹھ ربیع الاوّل کو امام حسن عسکریؑ کی شہادت کے بعد نو ربیع الاوّل کو امام مہدیؑ کی امامت کا پہلا دن ہے اور امام مہدیؑ دشمنانِ حضرت فاطمہ زہراؑ اور دشمنانِ دین سے انتقام لیں گے۔

بعض تواریخ میں یہ بات نقل ہوئی ہے کہ یہ دن قاتل امامِ حسینؑ، عمر بن سعد ملعون کی موت کا دن بھی ہے۔

اور ہر حال میں یہ دن شیعانِ اہلبیتؑ کے لئے عمومی طور پر اور اہلبیتؑ کے لئے خصوصی طور پر خوشی کا دن ہے۔

بسمه تعالى؛ هذا الأمر معروف عند الشيعة وله وجوه متعددة: منها: أن في هذا اليوم توج الأمام المهدي بالأمامة بعد وفاة والده الأمام الحسن العسكري في اليوم الثامن من شهر ربيع الأول، وهو المنتقم من أعداء الزهراء (س) وأعداء الدين، والموكل بإقامة دولة الحق. ومنها: أن في هذا اليوم قتل عمر بن سعد قاتل الحسين كما في بعض المنقولات التاريخية. وعلى كل حال فهو يوم فرح للشيعة عامة ولأهل البيت خاصة.

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

عید فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ کی محافل برپا کرنے سے متعلق آیت اللہ بہجتؒ سے استفتاء

نو ربیع الاوّل کو عیدِ زہرا منانے کی محافل برپا کرنے جن کا مقصد محبّان اہلبیتؑ کو خوش کرنے اور دشمنان اہلبیتؑ سے بیزاری ہو ان کو برپا کرنا بشرطیکہ شرعی حدّ میں ہوں اور اغیار کے وہاں موجود ہونے کا احتمال نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔۔

http://v0.bahjat.ir/index.php/ahkam-2/esteftahat/32-5-----------------.html



استفتاء از مرحوم آیت الله بهجت پیرامون مجالس نهم ربیع

حکم شرعی رفتن در مجالس نهم ربیع الاول که در آن مجالس به خاطر شادی شیعیان شروع به لعن و نفرین به دشمنان اهل بیت ـ علیهم السّلام ـ و مزاح کردن و لطیفه گفتن می کنند. چیست؟ مجلس تا چه حدّی باید در شادی پیش برود؟

جواب. در حدّ مشروع و عدم احتمال وجود بیگانه، اشکال ندارد.

استفتائات از محضر حضرت آیت الله بهجت، جلد ۲، صفحه ۵۲۶

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا



عیدِ زھراؑ کے مراسم سے متعلق
آیت اللہ صادق روحانی کا فتویٰ

سوال : کیا مراسمِ عیدِ زہراؑ کو برپا کرنا شرع مقدّس اسلام میں جائز ہے۔؟

جواب: جی ہاں جائز بلکہ پسندیدہ ہے، بس شرط یہ ہے کہ اس میں کوئی حرام کام نہ ہو۔۔

سوال 841--- آیا برگزاری مراسم عیدالزهرا (س) در شرع مقدس اسلام جایز است؟
جواب--------- هو العالم؛ بلی جایز و مستحسن است به شرط عدم ارتکاب مُحرمی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

استفتائات (پرسش و پاسخ هاي مسائل شرعي) جلد 4 ، نويسنده:آيت الله العظمى سيد محمد صادق روحانى

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ منانے پر آیت اللہ جوّاد ملکی تبریزیؒ کی تاکید

امام خمینیؒ کے استاد آیت اللہ میرزا جوّاد ملکی تبریزیؒ اپنی کتاب "المراقبات" میں فرماتے ہیں کہ

گراں قدر روایت میں آیا ہے کہ نو ربیع الاوّل کا دن دشمنِ خدا کی نابودی کا دن ہے۔ یہ دن آلِ محمد علیہم السلام کے تمام پیروکاروں کے لئے خوشی کا دن ہے۔۔



در روایت گرانقدری آمده است که روز نهم ربیع الاول، روز نابودی دشمن خدا بوده و این روز و خوشحالی در آن فضیلت داشته و روز شادی پیروان آل محمد صلوات الله علیهم اجمعین است

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

عید الزہرا علیہا السلام سے متعلق
آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی
کے چند فتاویٰ

نو ربیع الاوّل کا دن امامِ زمانہؑ کی ولایت و امامت کا پہلا دن ہے اور ہم اس دن جشن مناتے ہیں اور یہ دن ، یومِ فرحۃ الزہراؑ کے نام سے معروف ہے۔۔

اہلبیتؑ سے تولّا اور دشمنانِ اہلبیتؑ سے تبرّا ارکانِ مذہب کا جزو ہے۔۔

حدیث رفع القلم کی بنیاد پر معصومینؑ نے اِس دن بلکہ کسی بھی دن کسی بھی گناہ کرنے کی اجازت نہیں دی ہے۔۔

اس دن ان تمام کاموں سے پرہیز لازم ہے جو مسلمانوں کی صفوں میں انتشار پیدا کرنے کا سبب بنیں۔۔

استفتاءات آیت اللہ العظمی ناصر مکارم شیرازی دام ظلہ

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ زہرا سلام اللہ علیہا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

(عہدِ مہدویت کا آغاز نو ربیع الاوّل سے ہوا (آیت اللہ العظمیٰ صافی گلپائیگانی)

آیت اللہ العظمیٰ صافی گلپایگانی نے نو ربیع الاول عیدِ زہرا (س) اور آغاز امامت حضرت حجت (ع) کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں فرمایا:

نو ربیع الاول کا دن ایک مقدس اور عظیم دن ہے جس میں امام مبین ،ولی اللہ الاعظم، حضرت حجت بن الحسنؑ ارواحنا الفداء کی امامت کا آغاز ہوا۔ درحقیقت آج کا دن عصر مہدویؑ کے آغاز کا دن ہے۔

یہ دن اس زمانے کے لیے سر آغاز ہے دنیا کی جس کی انتظار میں ہے جس زمانے کی خصوصیات نہ انبیاءؑ کے دور میں ظاہر ہوئیں نہ مرسلین کے دور میں، یہ وہ زمانہ ہے جس میں زمین عدل و انصاف سے بھر جائے گی اور اربوں انسان ایک حکومت کے زیر سایہ ہوں گے اور زمین و آسمان کی تمام برکتیں آشکار ہو جائیں گی۔۔

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

نوربیع الاول، عیدالزہراؑ سے متعلق
آیت اللہ سعید الحکیم کا نظریہ

عیدِ زہراؑ نو ربیع الاوّل کا دن امام المہدیؑ المنتظرِ کی امامت کا پہلا دن ہے اور روایات میں ہے کہ اس دن عمر ابن سعد قتل ہوا۔۔

يصادف ذلك يوم التاسع من ربيع الأول حيث تبدأ امامة الأمام المهدي المنتظر "عج" ويروى أنه يصادف مقتل عمر بن سعد

(مکتب السید الحکیم)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل عیدِ زہرا علیہا السلام سے متعلق آیت اللہ سیّد محمد حسینی شاہرودی کا نظریہ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عید فاطمہ

سوال: کیا نو ربیع الاوّل کا دن شرعی عید کا دن ہے ؟ اگر ممکن ہو تو دلیل عنایت فرمایئے۔؟

جواب : بحار الانوار میں علامہ مجلسیؒ نے جلد 31 اور جلد 98 پر چند طریقوں سے نقل کیا ہے کہ اس دن کو عید کا دن شمار کیا گیا ہے بلکہ ابن طاووسؒ نے فرمایا ہے کہ کتابوں سے تحقیق کے بعد پتہ چلتا ہے کہ روایات اِس دن کے عید ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔۔

بسمه تعالى

محضر مبارک حضرت آیت الله العظمی شاهرودی دام ظله

آیا روز نهم ربیع الاول شرعا عید می باشد ؟ در صورت امکان دلیل آن را بفرمایید ؟

بسمه تعالى

در بحار الانوار ج ۳۱ و ج ۹۸ روایتی به چند طریق نقل می کند که این روز عید به شمار می رود، بلکه سید بن طاووس فرموده بعد از تفحص در کتب، چندین روایت به دست آورده که دلالت بر آن دارد. محمد حسینی شاهرودی

اللهم صل على فاطمة وأبيها وبعلها وبنيها والسر المستودع فيها

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

عید فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید الزہرا علیہا السلام سے متعلق شیخ مفیدؒ کا نظریہ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

عید فاطمۃ الزہرا

......یا فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا......

مرزا حسین نوریؒ نے مستدرک الوسائل ج 2 ص 522 میں شیخ مفیدؒ کی کتاب مسار الشیعة کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ شیخ مفیدؒ فرماتے ہیں کہ

نو ربیع الاوّل کا دن بہت بڑی عید یعنی بڑی خوشی کا دن ہے، رسولؐ اللہ نے بھی اِس دن خوشی منائی ہے اور لوگوں کو بھی اِس بات کا حکم دیا تھا کہ اس دن کو عید کے طور پر منائیں۔ (یعنی خوشی و مسرت کا اظہار کریں)۔۔

شیخ مفید رضوان اللہ علیہ: و روز نهم از ماه ربیع الاول روز عید بزرگ است و برای آن شرح مفصلی است که در جای خود ذکر شده است و این روز را پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ و الہ عید گرفتند و مردم را نیز امر فرمودند که در این روز عید بگیرند

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عید فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید الزہراؑ
9 ربیع الاوّل کی اہمیت سے متعلق
آیت اللہ سیّد علوی گرگانی کا نظریہ

عید فاطمہ

نو ربیع الاوّل کا دن امامِ زمانہؑ کی امامت کا (پہلا) دن ہے اور اہلبیتؑ اور ان کے شیعوں کی خوشی کا دن ہے۔ بہتر ہے کہ خوشی کے اِس دن ناشائستہ اور حرام کاموں سے کہ جو قلبِ اہلبیتؑ رسولؐ کو غمزدہ کریں، اجتناب کریں اور کسی بھی حالت میں آئمہ معصومینؑ کے توسّل سے غافل نہ ہوں۔۔

روز نهم ربیع الاول روز امامت امام عصر (عج) است و این روز، روز شادی اهل بیت و شیعیان آن امام است و شایسته است که شیعیان در مجالس شادی خود از کارهای ناشایست و حرام که باعث آزرده شدن قلب اهل بیت (ع) می شود خودداری کنند و از توسل به ائمه (ع) در هیچ حالی غفلت نکنند۔۔

http://www.gorgani.ir/?page=shownews&newsid=219

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عید فاطمہ علیہا السلام



صاحبِ عروۃ الوثقی،
آیت اللہ سیّد محمد کاظم طباطبائی یزدیؒ
کے نزدیک یومِ نو ربیع الاوّل عیدو خوشی کا دن ھے

آیت اللہ سیّد محمد کاظم طباطبائی یزدیؒ اپنی کتاب عروۃ الوثقی میں لکھتے ہیں کہ

نو ربیع الاوّل کا دن ان عیدوں اور مناسبات شریفہ میں شامل ہے جن میں غسل کرنا مستحب ہے

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

العروۃ الوثقی، ج2ص152، السید الطباطبائي الیزدي

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

عیدِ فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



شیخ محمد حسن نجفی (صاحب جواہر)

الزہراء عید

صاحب جواھر الکلام کی نظر میں نو ربیع الاوّل عید و خوشی کا دن ھے

صاحب جواہر الکلام آیت اللہ شیخ محمد حسن نجفیؒ نے جواہر الکلام فی شرح شرائع الاسلام میں نو ربیع الاوّل کی فضیلت میں لکھا ہے کہ

اسناد سے پیغمبرِ اکرم سے یہ روایت (احمد ابن اسحاق قمیؒ) اس (نو ربیع الاوّل) کے دن کی فضیلت اور برکت کیلئے وارد ہوئی ہے اور یہ دن خصوصی طور پر ہمارے لئے اور آئمہ معصومینؑ کے لئے عید و خوشی کا دن ہے۔۔

جواھر الکلام فی شرح شرائع الاسلام، ج 5 ص- 4443

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عیدِ فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہرا علیہا السلام مبارک

صلی اللہ علیک یا فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل بلاشک قلبِ زہراؑ و قلوبِ مومنین کے شاد ہونے کا دن ھے ۔۔۔۔ آیت اللہ سیّد جعفر مرتضی عاملیؒ

آیت اللہ سیّد جعفر مرتضی عاملیؒ کے نزدیک نو ربیع الاول یوم فرحۃ الزہراؑ ایک بہت بڑی و کامل خوشی کا دن ہے۔

اس دن کی موافقت اس دن سے بھی ہے جس کی ابتدا قائمِ آلِ محمدؐ کی امامت سے ہوتی ہے جو کہ سید الشہداءؑ کے خون کا بدلہ لینے کے حقیقی طالب ہیں اور وہ اولیاؑ خدا کیلئے باعث عزّت اور دشمنانِ حق کو ذلیل و رسوا کرنے والے ہیں ۔

یہ دن بلا شک و شبہ قلبِ حضرت فاطمہ زہراؑ اور تمام مومنین کے دلوں کو شاد کرنے کا دن ہے ۔۔

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

http://www.mezan.net/sayed_ameli/questions/049.html

عیدِ فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ زہرا علیہا السلام مبارک

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



صلی اللہ علیک یا فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل کے دن کی عظمت شیخ عباس قمیؒ کی نظر میں

آج کا دن بہت بڑی عید ہے ، کیونکہ مشہور قول یہی ہے کہ آج کے دن عمر ابن سعد واصل جہنم ہوا جو میدان کربلا میں امام حسینؑ کے مقابلہ میں یزیدی لشکر کا سپاہ سالار تھا، روایت ہوئی ہے کہ جو شخص آج کے دن راہ خدا میں خرچ کرے تو اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے نیز یہ کہ آج کے دن برادر مومن کو دعوت طعام دینا اسے خوش وشادمان کرنا اپنے اہل و عیال کے خرچ میں فراخی کرنا، عمدہ لباس پہننا ،خدا کی عبادت کرنا اور اس کا شکر بجا لانا سبھی امور مستحب ہیں، آج وہ دن ہے کہ جس میں رنج و غم دور ہوئے اور چونکہ ایک دن قبل امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت ہوئی، لہٰذا آج امام العصر (عج) کی امامت کا پہلا دن ہے لہٰذا اسکی عزت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔۔



(مفاتیح الجنان)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

"یاحسین علیہ السلام الوداع" کے معنی امام کو الوداع کہنا نہیں

سوگ بڑھانے کے عنوان سے الوداع اس بات کا لازمہ نہیں کہ الوداع کہنے والا امام حسینؑ کو اگلے سال تک کیلئے الوداع کہہ رہا ہے جیسا کہ :

1۔ حج و عمرہ سے واپس آنے والا طوافِ وداع کرتا ہے تو اس نیّت سے نہیں کرتا کہ آئندہ کبھی حج و عمرہ کیلئے نہیں آئے گا۔

2۔ جس طرح حرم معصومینؑ سے وطن واپس آنے والے کیلئے حکم ہے کہ زیارتِ وداع پڑھو اسکے یہ معنی نہیں ہوتے کہ اب کبھی زیارت پر نہیں آئے گا۔ معاذ اللہ

3۔ جس طرح عاشور کے روز سلامِ آخر پڑھنے کے معنی یہ نہیں ہوتے کہ اب اگلے سال امام حسینؑ کے خانوادہ کو سلام عرض کریں گے۔ ان معنی میں کوئی الوداع نہیں کہتا۔

بلکہ اس الوداع کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ جس شدّت کے ساتھ یہ عزاداری ان ایّام میں برپا کی ہے اب اللہ کی دی ہوئی توفیق سے آئندہ سال بھی اسی شدّت سے انجام دوں گا۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عید فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

کیا خاندانِ اہلبیت علیہم السلام کی خواتین نے سوگ بڑھا کر امام حسین علیہ السلام کو الوداع کہہ دیا تھا۔؟

حضرت مختارؓ نے جب ظالموں کے سر امام سجادؑ کو بھجوائے تھے تو متعبر روایت میں ہے کہ ہاشمیات نے سوگ بڑھایا تھا، سیاہ لباس اتار دیئے اور زینت کی تھی۔ کیا اِس کے یہ معنی تھے کہ ہاشمیات نے غمِ امام حسینؑ کو الوداع کہہ دیا تھا۔؟؟؟

لہٰذا عقلمند لفظوں سے نکاح نہیں کرتے بلکہ مفہوم کو سمجھتے ہیں کہ الوداع کس معنی میں کہا گیا ہے۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
عیدِ فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
صاحب الزمان
عجل اللہ تعالی فرجہ
السلام علیک
یوسفِ زہرا علیہا السلام
حضرت امامِ زمانہ علیہ السلام
نے فرمایا
ہم تمہاری سرپرستی اور دیکھ بھال میں کوتاہی نہیں کرتے اور
نہ تم لوگوں کو فراموش کرتے ہیں اور اگر ہم ایسا نہ کرتے تو یقیناً تم پر
مصیبتیں نازل ہوتیں اور دشمن تمہیں جڑ سے ختم کردیتے۔۔
(احتجاج جلد۲ ص۳۲۳ ، بحارالانوار جلد۵۳ ص۱۷۵ ح۷)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



امام مہدی علیہ السلام فرماتے ہیں

میں سلسۂ اوصیاء کی آخری کڑی ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے وسیلے سے میرے اہل اور میرے شیعوں سے بلاؤں کو دور کرتا ہے۔۔

(بحارالانوار جلد ۵۲ ص ۹۲)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

عید فاطمۃ الزہرا
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

امامِ زمانہ نے فرمایا
إنّا غیر مہملین لمراعاتکم
ولا ناسین لذکرکم
میں تمہارے اُمورِ زندگی
سے غافل نہیں ہوں
اور نہ تمہاری یاد کو
بُھلانے والا ہوں۔۔
(بحار الانوار جلد ۵۳ صفحہ ۱۷۵)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

امام سجّادؑ کی حضرت مختارؓ کیلئے دعا

امام سجادؑ کے بیٹے فرماتے ہیں:

جب مختارؓ نے ابنِ زیاد ملعون اور عمرِ سعد ملعون کا سَر امام کے پاس بھیجا تو آپ سجدہ میں گر گئے اور سجدہ شکر میں خدا کی اس طرح حمد کی:

الحمدلله الذی ادرک لی ثاری من اعدائی وجزی الله المختار خیراً

تمام تعریف ہے اُس خدا کی جس نے ہمارے دشمنوں سے ہمارا انتقام لیا، خدا مختارؓ کو جزائے خیر عطا کرے۔۔

رجال کشی، 127

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
عیدِ فاطمۃ الزہرا
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

حضرت مختارؓ نے اہلِ بیتؑ کے دل میں
خوشی کو داخل کیا
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امام جعفر صادقؑ نے مختارؓ کے توسّط سے
عبید اللہ ابنِ زیاد (ملعون) اور عمر ابن سعد (ملعون) کے سَروں کو
مدینہ بھیجنے کو موجبِ خوشنودیِ اہلِ بیتؑ عصمت و طہارت
قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ:
واقعۂ عاشورا کے بعد ہماری عورتوں میں سے کسی
عورت نے خود کو زینت نہیں دی
یہاں تک کہ مختارؓ نے
عبید اللہ بن زیاد (معلون) اور عمر ابن سعد (ملعون)
کے سَروں کو مدینہ بھیجا۔ (رجال کشی۔ صفحہ 127)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عید فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

جب کسی شخص کو خدا کوئی نعمت عطا کرتا ہے (اور وہ بجائے شکر کے) گانے بجانے کا اہتمام کرتا ہے تو وہ دراصل خدا کی ناشکری کرتا ہے۔ (وسائل الشیعہ۔ شیخ حُرّ عاملیؒ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عید فاطمۃ الزہرا

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

شراب کی مذمّت

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

تمام برائیوں کو ایک گھر میں جمع کیا گیا اور اُس کی کنجی شراب قرار دی گئی۔

خداوندِ عالم شرابی کی عبادت چالیس دن تک قبول نہیں کرتا اور اگر وہ اس دوران مرجائے تو کافر مرتا ہے۔

ملعون ہے وہ شخص جو کسی ایسے دسترخوان پر بیٹھے جہاں شراب پی جاتی ہے۔

کتاب: ارشاداتِ رسولؐ (فضل اللہ کمپانی)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

نشہ آور چیزیں

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

بے شک۔! دنیا میں نشے والی چیزوں سے سیراب ہونے والے پیاسے مریں گے، پیاسے اٹھائے جائیں گے اور پیاسے ہی جہنم میں داخل کردیئے جائیں گے۔۔

(ثواب الاعمال وعقاب الاعمال۔ شیخ الصدوقؒ)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

نو ربیع الاوّل کو عید الزہراءؑ سے متعلّق
آیت اللہ سیّد جعفر مرتضیٰ عاملی کا بیان



ماہِ ربیع الاوّل کی نو تاریخ کو
عید منانے سے متعلّق کہا گیا ہے
کہ اس دن عمر ابن سعد قتل ہوا
یا پھر اس کا سَر امام سجّادؑ کی
خدمتِ اقدس میں کوفہ سے مدینہ لایا گیا۔

رياض العلماء ج5 ص507
الصحيح من سيرة الإمام علي (عليه السلام) المؤلف
العاملي، جعفر مرتضى الجزء : 14 صفحة : 204

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا



نو ربیع الاوّل کے دن
حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی خوشی

استفتاء آیت اللہ سیّد جعفر مرتضیٰ عاملی

9 ربیع الاوّل

حضرت مختارؒ ثقفی کا امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں کو قتل کرنے سے جن میں سے ایک عمر بن سعد بھی ہے اہلِ بیت علیہم السلام کی مصیبت کچھ کم ہوئی اور ان کے غم کی سوزش میں کچھ کمی واقع ہوئی لہٰذا کوئی عجیب بات نہ ہوگی اگر نو ربیع الاول کا دن وہ دن قرار پائے جس میں حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا خوش ہوئی ہوں۔

اسی وجہ سے اہلِ بیت علیہم السلام نے فرمایا تھا کہ (واقعۂ کربلا کے بعد) کسی ہاشمی عورت نے آنکھوں میں سرمہ نہیں لگایا یہاں تک کہ انہیں امام حسین علیہ السلام کے فاسق و فاجر اور ظالم قاتلوں کے قتل ہونے کی خبر نہ مل گئی۔

اور جنابِ مختارؒ کے قیام کہ جس میں یہ عظیم کام ہوا اس کی کامیابی کی مبارک باد نہم ربیع الاول سے ظاہر ہونا شروع ہو گئی تھی۔

عیدِ فرحۃ الزہراؑء کے سلسلے میں ایک سوال کا جواب استفتاء آیت اللہ سیّد جعفر مرتضیٰ عاملی

http://www.mezan.net/sayed_ameli/questions/049.html

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

آٹھ ربیع الاوّل شہادت امام عسکریؑ کے اگلے ہی دن نو ربیع الاوّل کو خوشی منانے سے متعلّق آیت اللہ شیخ جواد فاضل لنکرانی سے ایک استفتاء

سوال: حضرت عالی اکثر جگہ 8 ربیع الاوّل کو مجلس کے بعد ٹھیک 12 بجے تاج پوشیٔ امامِ زمانہؑ کا جشن منایا جاتا ہے یہ تو بادشاہت میں رائج ہے، کیونکہ باپ کے بعد بیٹے کو تخت ملتا ہے حکومت ملتی ہے جبکہ اہل تشیع عقائد میں تو امام پیدائش کے وقت ہی امام ہے حکومت ملے نہ ملے ، امام کے والد زندہ ہوں تب بھی وہ امام ہی ہونگے فرق صرف یہ کہ ایک امام کی موجودگی میں دوسرے امام شرعی حکم صادر نہیں کرتے.... پھر 11 بج کے 59 منٹ تک ماتم کرو کہ امام حسن عسکریؑ شہید ہو گئے ادھر گھڑی کی سوئی بارہ پر پہنچی تو جشن شروع کہ امام مہدیؑ کی تاج پوشی ہے؟

جواب : بسمہ تعالی... آٹھ ربیع الاوّل کی رات 12 بجے تک امام حسن عسکریؑ کی شہادت کی مجلس کرنا اور 12 بجے کے بعد امام زمان عج اللہ فرجہ الشریف کے مقامِ امامت پر فائز ہونے کا جشن منانے میں کوئی اشکال نہیں ہے، اور یہ دو الگ الگ مسئلے ہے اور یہ مضحکہ خیز بھی نہیں ہے۔

چونکہ شہادت کا دن منانا ہے تو عزاداری وہی رات 12 بجے تک کافی ہے اور روزِ خلافت اور منصبِ امامت خداوندِ متعالی کی جانب سے ہے، چونکہ امام زمانہ بھی زندہ ہیں اور شیعوں کے پشت پناہ ہیں مہربانی فرما کر آپ اصل مسئلہ کی طرف توجہ فرمائیں اور شیعوں کے درمیان ظہور کی ثقافت کو ترویج کرنے پر توجہ دیں۔

(آیت اللہ جواد فاضل لنکرانی)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

عید فاطمۃ الزہرا

حضرت زہراؑ و اہلبیتؑ کی خوشی کا دن

9 ربیع الاول

احمد بن اسحاق قمی صحابی امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں:

میں ربیع الاوّل کی نو تاریخ کو امام حسن عسکریؑ کی خدمت میں حاضر ہوا

تو میں نے اپنے سیّد و سردار کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے تمام خادمین کو

حکم دیا کہ جس کیلئے جو نیا لباس ممکن ہو وہ زیب تن کر لے

اور امامؑ کے سامنے تنور روشن تھا جس میں امامؑ خود اپنے ہاتھوں سے

(کھانا پکانے کیلئے) لکڑیاں جلا رہے تھے اسحاق نے امامؑ سے کہا

یا بن رسولؐ اللہ میرے آباؤ اجداد آپؑ پر قربان! کیا اہلِ بیت علیہم السلام کیلئے

آج کے دن کوئی خوشی تازہ ہوئی ہے؟

امامؑ نے فرمایا:

نو ربیع الاوّل سے بڑھ کر کون سا دن

اہلِ بیتؑ کے نزدیک حرمت والا ہو گا۔

(بحارالانوار۔(ط-بیروط)جلد95۔صفحہ351)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

عیدِ فاطمۃ الزہرا

شہادتِ امام حسن عسکریؑ کے اگلے ہی دن عیدِ الزہراؑ منانا کیسا ہے؟

مرکز الأبحاث العقائدية، قم المقدّسہ سے ایک سوال و جواب

سوال

کیا ممکن ہے کہ مسلمان (شیعہ) ایک ایسے دن عید منائیں کہ جس ایک دن پہلے ہی ان کے امام کی شہادت ہوئی ہو جبکہ یہ بات جانتے ہوئے کہ امام حسن عسکریؑ کی شہادت کا غم ممکن ہے دس دن تک جاری رہے اور ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے امام کی شہادت کا غم کم از کم تین دن تک تو جاری رکھیں۔
کیا یہ ساری باتیں اس بات کا جواز بن سکتی ہیں کہ ہم اس دن جو فرحتِ زہراء سلام اللہ علیہا کے نام سے مشہور ہے یعنی نو ربیع الاوّل کوئی خوشی نہ منائیں؟

جواب: سلام علیکم ورحمة الله وبركاته!

سال میں ہمارے عقیدے کے مطابق کچھ خوشی کے ایسے ایّام ہیں کہ جن کے فوراً بعد غم کے ایّام آجاتے ہیں یا برعکس غم کے ایّام کے بعد خوشی کے ایام آجاتے ہیں مثلاً امام علی علیہ السلام کی ولادت 13 رجب کے ہے جبکہ بی بی زینب سلام اللہ علیہا کی وفات اس کے دو دن بعد یعنی 15 رجب کو آتی ہے اور امام حسن علیہ السلام کی ولادت 15 رمضان المبارک کو ہے جبکہ امام علی علیہ السلام کی شہادت اس کے کچھ دن بعد ہی ہے اور امام محمد تقیؑ کی شہادت ماہِ ذیقعد کے آخر میں ہے اور پہلی ذی الحجہ کو امام علی علیہ السلام اور بی بی فاطمہؑ کے عقدِ نکاح کا دن ہے اور امام محمد باقرؑ اور امام علی نقیؑ کی ولادت رجب کی پہلی اور دوسری تاریخ کو ہے اور امام علی نقی علیہ السلام کی شہادت تین رجب کو ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ کوئی خوشی کا دن جس میں شیعہ خوشی منائیں جیسے نو ربیع الاوّل اس کا انکار فقط اس وجہ سے نہیں کیا جاسکتا کہ یہ دن امام عسکری علیہ السلام کی شہادت کے فوراً بعد آ رہا ہے اور اگر یہی دلیل ہو تو پھر جن ایّام کا اوپر تذکرہ ہوا جو آئمہ علیہم السلام میں سے کسی کی شہادت سے پہلے یا بعد میں واقع ہو رہے ہیں ان ایّام میں بھی خوشی نہیں منانی چاہیئے۔

الاحتفال بيوم التاسع من ربيع الأول/مركز الأبحاث العقائدية، قم المقدّسه ، ایران
http://www.aqaed.com/faq/1290

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

عید فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ خوشی منانے کا دن ہے
آیت اللہ سیّد محمد علی علوی گرگانی

عیدِ زہراؑ، نو ربیع الاوّل کے دن ہے
اس دن خوشی منانا بہت اچھا ہے۔
بعض روایات اس دن کے عید ہونے پر وارد ہوئی ہیں۔

مسائل عیدالزہراء

سوال: عیدالزهراء چه روزی است و آیا کف زدن و شادی کردن در این روز وارد شده است؟
جواب: روزنهم ربیع الاوّل است و شادی کردن نیکوست.

سوال: آیا روزنهم ربیع الاوّل شرعا عید می‌باشد و در صورت امکان دلیل آن را بیان فرمائید؟
جواب: دربعضی از روایات عید بودن این روز وارد شده است۔

عیدِ زہراؑ

http://www.gorgani.ir/index.php?action=news_archive&id=327#main-content

www.facebook.com/madrasatulqaaim

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

عید فاطمۃ الزہرا

عیدِ الزہراءؑ کی محافل سے متعلّق
آیت اللہ سیّد محمد صادق روحانی سے ایک استفتاء

تشکیلِ جلسات عیدِ الزہراءؑ
اگر محرّمات سے خالی ہوں
تو تقرّبِ الٰہی کا بہترین وسیلہ ہیں۔

باسمه جلت اسمائه؛ تشکیل جلسات عیدالزهراءؑ ،
در صورت خالی بودن از محرمات،
از بهترین قربات است

....

پایگاه اطلاع رسانی دفتر حضرت آیت الله العظمی روحانی

http://www.rohani.ir

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

عید فاطمۃ الزہرا

عیدِ زہراؑ منانے کی وجوہات سے متعلّق

آیت اللہ حافظ شیخ بشیر حسین نجفی صاحب سے ایک استفتاء

سوال: نو ربیع الاوّل عیدِ زہرا سلام اللہ علیہا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ جبکہ عمر ابن سعد بھی قتل ہوا ہے، لکھنوٗ اور بعض علاقے میں پتلا بنا کر پھونکا جاتا ہے اور رنگ پاشی کی جاتی ہے آیا یہ جائز ہے؟

جواب: بسمہ سبحانہ واضح رہے کہ اہلِ بیتؑ پہ جتنے بھی مظالم ہوئے ہیں ان سب میں جنابِ زہراؑ شریک ہیں اور جیسے امام زمانہؑ مظلوم ہیں ویسے ہی سیدہ زہراءؑ بھی مظلومہ ہیں کیونکہ یہ ان ہی کی اولاد ہیں۔

نو ربیع الاوّل چونکہ امامِ زمانہؑ کی حکومت کا پہلا دن ہے اور مولاؑ کی کوششوں اور زحمتوں سے اہلِ بیتؑ سے ظلم اٹھائے جائیں گے گویا کہ جنابِ زہراءؑ سے ظلم اٹھایا جائے گا تو اس لئے شیعہ اسے عیدِ زہراءؑ کہتے ہیں

البتہ بعض روایات میں ہے کہ حضرت مختار ثقفیؒ کے ہاتھوں اسی دن عمر ابن سعد جہنّم واصل ہوا تھا اور اس کے علاوہ مزید اسباب بھی بیان کئے جاتے ہیں۔

واللہ العالم

مکتب آیت اللہ شیخ بشیر حسین نجفی

http://www.alnajafy.com/list/mainnews-1-3-491-43.html

www.facebook.com/madrasatulqaaim